مارکس: 80 انشائی وقت: 2:40 گھنٹے

GRW-I-24

حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1=10)

سراپا معصیت میں ہوں، سراپا مغفرت وہ ہے ...... خطا کوشی روش میری، خطا پوشی ہے کام اس کا
مری افتادگی بھی میرے حق میں اس کی رحمت تھی ...... کہ گرتے گرتے بھی میں نے لیا دامن ہے تھام اُس کا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3+3+3+1=10)

نہ تخت و تاج میں، نے لشکر و سپاہ میں ہے ...... جو بات مردِ قلندر کی بارگاہ میں ہے
صنم کدہ ہے جہاں اور مردِ حق ہے خلیل ...... یہ نکتہ وہ ہے کہ پوشیدہ لا الٰہ میں ہے
وہی جہاں ہے ترا جس کو تُو کرے پیدا ...... یہ سنگ و خشت نہیں جو تری نگاہ میں ہے

حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) ہم بادشاہوں اور سالاروں کے لیے نہیں لڑتے۔ ہم خدا کے لیے لڑتے ہیں۔ بادشاہوں اور سالاروں پر بھروسا کرنے والے ان کی موت کے بعد مایوس ہو سکتے ہیں لیکن ہمارا خدا ہر وقت موجود ہے۔ قرآن میں ہمارے لیے اس کے احکام موجود ہیں۔ میں دعا کرتا ہوں کہ خدا مجھے قوم کے لیے رستم نہ بنائے بلکہ مجھے مثنیٰ بننے کی توفیق دے جن کی شہادت نے ہر مسلمان کو جذبۂ شہادت سے سرشار کر دیا تھا۔

(ب) میری بوڑھی زبان سے اللہ تعالیٰ کا عفو و رحم کئی بار بولا لیکن ہر بار اس نے سننے والے کانوں کو بہرہ پایا۔ پر اب کی بار میری التجا سن لیجیے یا مجھے ہمیشہ کے لیے خاموش کر دیجیے۔ میرے حضور! یہ وہ بدنصیب بول رہی ہے جس نے مجرم کی ماں کے اٹھ جانے کے بعد اپنی اولاد کی طرح اسے کلیجے سے لگایا۔ میرے حضور! خود آپ نے اسے مجھے دے ڈالا تھا۔ میں تھی جس نے اسے زندگی دی اور توانائی بخشی کہ وہ بڑھ کر مرد بن جائے۔

(ورق اُلٹیے)

GRW-I-24

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1 =10)

(i) مناقبِ عمر بن عبدالعزیزؒ (ii) مولانا ظفر علی خاں

5 - حفیظ تائب کی نظم "نعت" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) اتحادِ اُمتِ مُسلمہ (ii) منشیات ایک لعنت (iii) مہنگائی: اسباب اور اثرات

7 - سابق طالبِ علم کی حیثیت سے پرنسپل کے نام خط لکھیے جس میں کالج کی فلاح و بہبود کے لیے ٹھوس تجاویز دی گئی ہوں۔ (10)

FGSTUDY.COM